5176 ـ لڑکی امریکہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہے اور والد پردہ نہیں کرنے دیتا

سوال

میری اکیس برس ہے اور میں نے ڈیڑھ برس قبل والد کی رغبت کی مخالفت کرتے ہوئے پردہ کرنا شروع کیا ہے، میں آئندہ برس حصول تعلیم کے لیے امریکہ جاؤنگی، میرے والد صاحب مجھے نصیحت کرتے ہیں کہ امریکہ جا کر پردہ نہ کروں، کیونکہ وہاں لوگ ایك دوسرے سے مختلف نظر آنا نہیں چاہتے.
اب مجھے یہ مشکل درپیش ہے کہ میں پردہ کرتی ہوں کیونکہ مجھے بتایا گیا ہے کہ پردہ نہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے، برائے مہربانی آپ اس سلسلہ میں مجھے کوئی نصیحت فرمائیں.

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ تعالی آپ کو برکت اور اجروثواب سے نوازے آپ نے پردہ کا اہتمام کر کے بہت اچھا کیا ہے، اور آپ یہ علم میں رکھیں کہ اللہ سبحانہ و تعالی کی معصیت و نافرمانی میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت و فرمانبرداری نہیں ہو سکتی.

اس لیے آپ پابندی سے پردہ اور باقی شرعی احکام پر عمل کرتی رہیں لیکن ہمیں آپ کے امریکہ جا کر تعلیم حاصل کرنے میں خدشہ ہے کہ آپ وہاں کے متلاطم فتنوں کا شکار ہو جائینگی، اور مختلف قسم کے شبہات اور اسی طرح حرام شہوات میں پڑ جائینگی.

اس لیے اگر آپ کسی ایسی یونیورسٹی یا مدرسہ میں تعلیم حاصل کر سکیں جہاں شرعی احکام کے مطابق پردہ بھی کرایا جاتا ہو، اور مرد و عورت کی مخلوط تعلیم نہ ہو تو یہ آپ کے لیے بہتر اور یقینی ہے...

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو ہر قسم کی خیر و بھلائی سے نوازے.

واللہ اعلم .